اولاد کے لیے دعائیں



مرتبہ

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اولاد آزمائش ہے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ

اور جان لو تمہارے اموال اور تمہاری اولاد واقعتاً آزمائش ہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔ (الانفال:28)

اولاد کے حصول کے لیے زکریا علیہ السلام کی دعا

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾

اے میرے رب! آپ مجھے اکیلا نہ چھوڑنا اور آپ سب وارثوں میں سے بہترین ہیں۔ (الانبیاء:89)

اللہ تعالیٰ سے اولاد کے لیے استغفار کرنا

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِيْنَ وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّ يَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾

تو میں نے کہا کہ اپنے رب سے بخشش مانگ لو! یقیناً وہ ہمیشہ سے بہت معاف کرنے والا ہے۔ وہ آسمان سے تم پر موسلا دھار بارشیں برسائے گا۔ اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کرے گا۔ اور تمہارے لیے باغات پیدا کردے گا اور تمہارے لیے نہریں نکال دے گا۔ (نوح:10-12)

صالح اولاد کی دعا

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

اے میرے رب! مجھے صالحین میں سے اولاد عطا فرما۔ (الصافات:100)

صالح اولاد کے لیے زکریا عَلَیْہِ السَّلَام کی دعا

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

اے میرے رب! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما بلاشبہ تو ہی دعا کا خوب سننے والا ہے۔ (آل عمران:38)

ہر اولاد اللہ تعالیٰ کے قریب نہیں کرتی

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۫ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایسے نہیں ہیں جو تمہیں ہمارے قرب میں نزدیک کردیں مگر جو ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو یہی لوگ ہیں جن کے عمل کی بناء پر ان کی دوگنی جزا ہے اور وہ بلند و بالا عمارتوں میں پر امن ہوں گے۔ (سبا:37)

اللہ تعالیٰ کے راستے میں اولاد کو آزاد کرنے کی دعا

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا

فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۳۵

جب عمران کی بیوی نے کہا: ''اے میرے رب! جو میرے پیٹ میں ہے، میں نے نذر مانی ہے کہ تیرے لیے آزاد چھوڑا ہوا ہوگا۔ پس آپ مجھ سے قبول فرمائیں، یقیناً آپ سب کچھ سننے والے، سب کچھ جاننے والے ہیں۔'' (آل عمران:35)

سرکش اولاد سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ وَمِنْ وَّلَدٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ رَبًّا وَّمِنْ مَّالٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا وَّمِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ عَیْنُہٗ تَرَانِیْ وَ قَلْبُہٗ یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَۃً دَفَنَھَا وَ اِذَا رَاٰی سَیِّئَۃً اَذَاعَھَا

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بُرے پڑوسی سے اور ایسی بیوی سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کردے اور ایسی اولاد سے جو میرا آقا بن بیٹھے اور ایسی مال سے جو میرے لیے باعث عذاب بن جائے اور ایسے چال باز دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھ رہی ہوں اور جس کا دل میری نگرانی کرتا ہو اگر وہ کوئی نیکی (کی بات) دیکھے تو اس کو دبادے اور اگر کوئی برائی (کی بات) دیکھے تو اس کو پھیلا دے۔ (صحیحہ:3137)

اولاد کے لیے نظر بد اور شیطان سے حفاظت کی دعا

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ
وَهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے
اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔ (بخاری:3371)

اولاد کو شرک سے بچانے کی دعا

وَّاجْنُبْنِيْ وَ بَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾

اور مجھے اور میری اولاد کو بچا لیجیے کہ ہم بتوں کی عبادت کریں! (ابراہیم:35)

اولاد کو شیطان سے محفوظ رکھنے کی دعا

اِنِّيْۤ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾

یقیناً میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ (آل عمران:36)

اولاد کو شیطان کے شر سے بچانے کی دعا

بِاسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ
وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

میں شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے۔ یا اللہ! بچا ہم کو شیطان سے اور دور رکھ
شیطان کو اس اولاد سے جو تو ہمیں عنایت فرمائے گا۔ (بخاری:141)

اولاد کے نماز قائم کرنے کی دعا

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖۗ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد میں سے بھی، اے ہمارے رب! اور میری دُعا قبول فرما۔ (ابراہیم:40)

اولاد کی اصلاح کے لیے دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمائی اور یہ کہ میں ایسے نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور میرے لیے میری اولاد کی اصلاح کر دے، بلاشبہ میں نے تیری طرف توبہ کی اور یقیناً میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ (الاحقاف:15)

علمی ورثے کی حفاظت کرنے والی اولاد کی دعا

ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِیَّا ﴿۲﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا ﴿۳﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَ اشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّ لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآىِٕكَ رَبِّ شَقِیًّا ﴿۴﴾ وَ اِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَ كَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ﴿۵﴾ یَّرِثُنِیْ وَ یَرِثُ مِنْ اٰلِ

يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝٦

ذکر ہے آپ کے رب کی رحمت کا، اپنے بندے زکریا پر۔ جب اس نے اپنے رب کو چپکے چپکے پکارا۔ زکریا نے کہا: ”اے میرے رب! یقیناً میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور سر بڑھاپے سے شعلے مارنے لگا ہے اور اے میرے رب! میں آپ کو پکارنے میں کبھی نامراد نہیں رہا۔ اور یقیناً میں اپنے پیچھے اپنے رشتے داروں سے خوف رکھتا ہوں اور شروع سے میری بیوی بانجھ ہے، سو آپ مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا فرمائیں۔ جو میرا بھی وارث ہو اور آلِ یعقوب کا بھی اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ انسان بنا۔“ (مریم: 2-6)

اولاد کو قرآن مجید کا علم حاصل کرنے کی دعا دینا

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ

اے اللہ! اسے علم کتاب (قرآن) عطا فرما۔ (بخاری: 75)

اولاد کو علم اور حکمت کی دعا دینا

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ

اے اللہ! اسے حکمت کا علم عطا فرما۔ (صحیح بخاری: 3756)

اولاد کو دین کی سمجھ کی دعا دینا

اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَعَلِّمْهُ التَّأْوِيْلَ

اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور کتاب کی تاویل وتفسیر سکھا۔ (مسند احمد: 3022)

اولاد کی لمبی زندگی کی دعا

اَللّٰھُمَّ أَکْثِرْ مَا لَهُ وَوَلَدَهُ، وَأَطِلْ حَیَاتَهُ، وَاغْفِرْ لَهُ

اے اللہ! اس کے مال واولاد کوزیادہ کر، اس کی زندگی لمبی کراوراسے بخش دے۔ (الادب المفرد:653)

اولاد کی ہدایت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اهْدِهِ

اے اللہ اسے ہدایت دے۔ (مسند احمد:23755)

اَللّٰھُمَّ اهْدِ هَا

اے اللہ! اس بچی کو ہدایت دے۔ (ابوداود:2244)

اولاد کے رزق میں برکت کی دعا

اَللّٰھُمَّ أَکْثِرْ مَا لَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِکْ لَهُ فِیمَا أَعْطَیْتَهُ

اے اللہ! اس کے مال واولاد کوزیادہ کراور جو کچھ تو نے اسے دیا ہے، اس میں اسے برکت عطا فرما۔ (بخاری:6334)

اولاد کے کھانے میں برکت کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُم فِی اللَّحْمِ وَ الْمَاءِ

اے اللہ! ان کے لیے گوشت اور پانی میں برکت عطا فرما۔ (بخاری:3364)

اطاعت کرنے والی اولاد کو دی جانے والی دعا

جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا وَرَضِیَ عَنْکَ، کَمَا بَرَرْتَنِی کَبِیْرًا

تمہیں بھی اللہ تعالیٰ بہترین جزا دے اور تم سے راضی ہو جیسا کہ تم نے بڑھاپے میں میرے ساتھ نیک سلوک کیا۔ (الادب المفرد:14)

سفر پر جاتے ہوئے اولاد کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَ سُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ

اے اللہ بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں سفر کی سختی سے اور لوٹنے کے رنج وغم سے اور نفع کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور اہل اور مال اور بچوں میں برا منظر دیکھنے سے۔ (نسائی:5501)

اولاد کے بچوں کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَ لِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَ لِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ

اے اللہ! انصار کی، انصار کے بچوں کی اور انصار کے بچوں کے بچوں کی مغفرت فرما۔ (مسلم:6414)

اولاد کی وفات پر دعا

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(ترمذی:1021)

اولاد کو عذاب قبر سے محفوظ رکھنے کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ أَعِذْہُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچا۔(موطا:18)

اولاد کے وفات پانے پر ان کی بخشش کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطاً وَ سَلَفاً وَاَجْراً

اے اللہ اس (بچے) کو ہمارے لیے ہم سے پہلے آگے جا کر انتظار کرنے والا، آگے چلنے والا اور اجر کا باعث بنادے۔(صحیح بخاری:65)

یتیم بچوں کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اخْلُفْ جَعْفَراً فِیْ اَھْلِہٖ
وَبَارِکْ لِعَبْدِاللّٰہِ فِیْ صَفْقَۃِ یَمِیْنِہٖ

اے اللہ! جعفر کے اہل خانہ کو اس (جعفر) کا نعم البدل عطا فرما اور عبداللہ کے دائیں ہاتھ کے معاملے میں برکت عطا فرما۔(مسند احمد:1750)

النور ویلفیئر فاؤنڈیشن

لاہور: 102-H گلبرگ III لاہور 0336-4033045, 042-35851301, 35881169

فیصل آباد: 121A فیصل ٹاؤن ویسٹ کینال روڈ فیصل آباد 0336-4033050, 041-8759191-92

کراچی: گراونڈ فلور کراچی بیچ ریذیڈنسیز بلاول ہاؤس کلفٹن بلاک 2 کراچی 0336-4033034, 021-35292341-42

www.alnoorpk.com sales@alnoorpk.com

Nighat Hashmi Alnoor International 0336-4033042/49

